www.wilayattimes.com
اشاعت کا تیسرا سال

ہفت روزہ

ولایت ٹائمز

WILAYAT TIMES

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انھیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:04☆شمارہ نمبر:04☆تاریخ:22جنوری2018تا28جنوری2018ء بمطابق4جمادی الاول تا10جمادی الاول1439ھ☆صفحات:8



نہ ہو گی تم سے تنظیم گلستاں...!

کسی اور دل جلے نے سوشل میڈیا پر مودی کی طرح پوچھا ہے کہ "کانگریس نے ساٹھ سال میں کیا کیا ہے؟ اور پھر خود ہی جواب دیا ہے کہ اُس عرصے میں لوگ انصاف کے لیے ججوں کے پاس جاتے رہے ہیں لیکن مودی جی نے تو صرف تین برسوں میں یہ کارنامہ کر دکھایا کہ سپریم کورٹ کے جج انصاف کے لیے عوام کی عدالت میں آگئے ہیں!

بقلم: عالم نقوی

نیتن یاہو کے دورہ بھارت پر ہم اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ ملک اور دنیا کو قاتل انسان اور انسانیت کے دائمی دشمنوں سے محفوظ رکھنے کے لیے بہر حال، بہر صورت ایک نیا انقلاب درکار ہے وہ بھی باایمان، صالح، خدا ترس اور انسان دوست قوتوں کا لایا ہوا انقلاب جو موجودہ ظالم، خود غرض اور منافق سیاسی طاقتوں کے بس کی بات نہیں۔ عالم انسانیت کے دشمن صیہونی دجالوں کے ظالم اور قاتل دوستوں اور بہی خواہوں نے جیوں رہا ہو؟ مودیوں اور شاہوں نے تاریخ سے کوئی سبق نہیں لیا ہے ان سب کا اور اُن جیسی کی حامیوں اور مددگاروں کا انجام ایک جیسا ہوگا۔

و سیعلموا لذین ظلموا ای منقلب ینقلبون...!

رویش کمار نے لکھا ہے کہ (سپریم کورٹ کے) چار (بہادر اور باضمیر) ججوں کی باتوں کے مطابق سپریم کورٹ (مودی) سرکار کے دباؤ میں ہے، تو ذرا سوچئے کہ میڈیا، الیکشن کمیشن، انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ، انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ، سی بی آئی، پولیس اور نچلی عدالتوں کے ملازم اور دیگر کارسرکار کے کتنے دباؤ میں ہوں گے! آسانی سے سمجھا سکتا ہے (بشرطیکہ) آپ سمجھنا چاہیں۔

کسی نے سوشل میڈیا پر بابا صاحب بھیم راؤ امبیڈکر کا ایک برسوں پرانا بیان نقل کیا ہے کہ "وہ بھی لوگ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ ملک میں جمہوریت خطرے میں ہے، بن لیں کہ ملک میں جمہوریت تھی ہی کب؟ یہاں تو ہمیشہ برہمن گردی رہی ہے"۔

سپریم کورٹ کے جس جج نے امت شاہ کو قتل، اغوا اور دھوکہ دھڑی وغیرہ کے مقدمے سے بری کر دیا تھا انہیں سبکدوش ہوتے ہی بطور انعام گورنری مل گئی اور جس نے انصاف کا دامن ہاتھ سے نہیں جانے دیا اسے موت کی آغوش میں دھکیل دیا گیا۔

ٹویٹر پر سابق وزیر اعظم شری منموہن سنگھ کا یہ بیان بھی گشت کر رہا ہے کہ "(سی بی آئی کے) جج لویا سہراب الدین (فرضی) انکاؤنٹر معاملے کی سنوائی کر رہے تھے جس میں ملزم (بی جے پی کے صدر اور وزیر اعظم مودی کے دست راست) امت شاہ تھے۔ جج کی (نہایت مشتبہ اور مشکوک حالات میں) موت ہوئی اور امت شاہ بری ہو گئے! کوئی ثبوت نہیں ہے مگر ایک جج کی موت پر بھی کوئی سوال نہ ہو اور (اس کی) بیوی اور بیٹے کو ڈرا دیا جائے کہ وہ سب کے سامنے آکر بولنے کی ہمت نہ کر سکیں۔ کیا یہی وہ نیا متحدہ بھارت ہے؟ ..... اب سمجھ میں آیا کہ تڑی پار کو کلین چٹ کیسے ملی اور کیسے مودی جی بے گناہ ثابت ہوئے۔ جو بک گیا وہ بچ گیا، جو نہیں بکا وہ جسٹس لویا کی طرح مارا گیا۔ (البتہ) ان چار ججوں کا ضمیر ابھی زندہ ہے (لیکن) اب (گودی) میڈیا (میں) ان کی کردار کشی ہوگی!"

کسی اور دل جلے نے سوشل میڈیا پر مودی کی طرح پوچھا ہے کہ "کانگریس نے ساٹھ سال میں کیا کیا ہے؟ اور پھر خود ہی جواب دیا ہے کہ اُس عرصے میں لوگ انصاف کے لیے ججوں کے پاس جاتے رہے ہیں لیکن مودی جی نے تو صرف تین برسوں میں یہ کارنامہ کر دکھایا کہ سپریم کورٹ کے جج انصاف کے لیے عوام کی عدالت میں آگئے ہیں!"

رویش کمار نے تو این ڈی ٹی وی انڈیا پر اپنے مشہور شو میں صاف کہہ دیا ہے کہ "اگر یہ کیس کھلا تو امت شاہ کو پھانسی ہونا یقینی ہے"!

اور اب ذرا اشری تیلم دتا سے سپریم کورٹ کے برہمن چیف جسٹس کی کہانی بھی سن لیجیے جن کے خلاف ملک اور سپریم کورٹ دونوں کی تاریخ میں پہلی بار عدالت عظمیٰ ہی کے چار چار سینیئر ججوں نے عوام کے سامنے آکر اپنی شکایتوں کو طشت از بام کر دیا ہے! اشری دتا اپنی فیس بک سائٹ پر لکھتے ہیں کہ "یہ اڑیسہ کے ایک بے زمین برہمن ایڈوکیٹ دیپک مشرا کی کہانی ہے جنہوں نے حکومت اڑیسہ سے ایک بے زمین برہمن کے طور پر تھوڑی سی زرعی زمین دیے جانے کی درخواست کی تھی جسے منظور کرتے ہوئے انہیں بلا تاخیر دو ایکڑ زرعی زمین الاٹ کر دی گئی تھی۔ آج وہی (۲۸ اگست ۲۰۱۷ء سے تا حال) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ہیں جن کے خلاف انہیں کے ساتھی چار سینیئر ججوں کو عوام کے سامنے آکر عدالتی بے ضابطگیوں سے پیدا شدہ مسائل رکھنے پر مجبور ہونا پڑا ہے!

اُن کے دادا پنڈت جی بی مشرا (پیدائش ۱۸۸۹ء وفات ۱۹۵۹ء) نے ۱۹۱۴ء میں کلکتہ یونیورسٹی سے اُس وقت ایم اے کیا تھا جب دلت، بہوجن، آدیواسی بچوں کے لیے پرائمری اسکولوں تک کے دروازے نہیں کھلے تھے۔ ۱۸۶۶ء میں بھیانک قحط پڑا تھا جس میں اڑیسہ کی ایک تہائی آبادی موت کا شکار ہو گئی تھی۔ لیکن پنڈت جی بی مشرا کی فیملی پوری طرح محفوظ رہی تھی! اشری تیلم دتا نے اپنے طویل مضمون کے اختتام پر جی بی مشرا کی تین نسلوں کی برہمن گردی کی تفصیلات بیان کرنے کے بعد لکھا ہے کہ " دیپک مشرا ذات پات کے بے جا تفوق کی حکمرانی والے نظام کے حتمی نتائج کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں جس سے آج ملک جوجھ رہا ہے۔ انہوں نے اپنے دادا کے نام پر قائم اسکول سے اپنی زندگی اس وقت شروع کی تھی جب دلت وہی پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کیے جاتے تھے جو ان کے باپ دادا کرتے چلے آرہے تھے اور آدیواسی بچوں کو جنگلی سے محفوظ رکھنا ایک زندہ مسئلہ تھا۔ یہی وہ ہندوستان ہے جسے ہمیں تمام مستضعفین فی الہند کے لیے عزت کے ساتھ جینے اور رہنے کے لائق بنانا ہے! کیا ہم اس کے لیے تیار ہیں؟ فَھَل مِن مُدَّکر؟

ہندوستان اسرائیل سے سفارتی تعلقات ختم کرے: مولانا سید کلب جواد

نئی دہلی/ اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو کے متوقع ہندوستان دورے پر مجلس علماء ہند کے جنرل سکریٹری و امام جمعہ مولانا سید کلب جواد نقوی نے سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ اسرائیل کیساتھ دوستی ختم کی جائے۔ مولانا نے اپنے بیان میں کہا کہ ہمارے ملک کو معلوم ہونا چاہئے کہ اگر کوئی بدترین دوست ہو سکتا ہے تو وہ اسرائیل ہے۔ مولانا نے کہا کہ ہندوستان میں دہشت گردانہ واقعات کا سلسلہ تب سے شروع ہوا ہے جب سے یہاں اسرائیلی سفارتخانہ کھلا ہے۔ اگر ہندوستان دہشت گردی سے نپٹنا چاہتا ہے تو پہلے اسرائیل سے سفارتی تعلقات کو ختم کرنا ضروری ہے کیونکہ عالمی دہشت گردی کا بانی اسرائیل ہے۔ مولانا نے کہا کہ اسرائیل کسی کا دوست نہیں ہو سکتا کیونکہ اسکا منصوبہ پوری دنیا پر حکمرانی کا ہے۔ اس وقت دنیا میں جہاں بھی دہشت گردی ہو رہی ہے اسکے پیچھے اسرائیل اور اسکے زر خرید غلام اور تربیت دی گئی تنظیمیں ہیں۔ مولانا نے اپنے بیان میں حکومت ہندوستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ اسرائیل سے دوستی ختم کی جائے کیونکہ ہمارا ملک ہمیشہ فلسطینی مظلوموں کا حامی رہا ہے اور غاصب اسرائیل نے فلسطینیوں پر ظلم و بربریت کی انتہا کر رکھی ہے۔ نماز جمعہ کے خطبہ سے قبل مولانا رضا حیدر نے بھی اپنی تقریر میں نیتن یاہو کے دورہ اسرائیل کی مذمت کی اور حکومت ہند سے مطالبہ کیا کہ اسرائیل سے سفارتی تعلقات ختم کئے جائیں کیونکہ اسرائیل ایک دہشت گرد اور غاصب ملک ہے۔

130 رکنی وفد کے ہمراہ نیتن یاہو بھارتی دورہ پر، 9 معاہدوں پر دستخط

نئی دہلی/ بھارت اور اسرائیل کے درمیان 9 معاہدوں پر دستخط۔ بھارت اور اسرائیل کے وزرائے اعظم نے سائبر سیکورٹی، سائنس و ٹیکنالوجی، ایئر ٹرانسپورٹ، فلم پروڈکشن، تیل اور گیس سمیت 9 اہم معاہدوں پر دستخط کر دیے ہیں۔ بھارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ بھارت اور اسرائیل کے وزرائے اعظم نے سائبر سیکورٹی، سائنس و ٹیکنالوجی، ایئر ٹرانسپورٹ، فلم پروڈکشن، تیل اور گیس سمیت 9 معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ دو روز قبل صیہونی وزیر اعظم نیتن یاہو اعلیٰ حکام کے 130 رکنی وفد کے ہمراہ 6 روزہ دورے پر بھارت پہنچے ہیں۔ نیتن یاہو کے دورہ بھارت کو تاریخی قرار دیا جا رہا ہے جس میں دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور دفاع کے ساتھ ساتھ سفارتی تعلقات کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

ولیم شکسپئر کے ڈرامے کا ایک کردار اور ڈونلڈ ٹرمپ

فدا حسین بالهامی

ولیم شکسپیر کا شمار انگریزی ادب کے عظیم شعرا اور ڈرامہ نگاروں میں ہوتا ہے۔ وہ اپنی بلند پایہ شاعری سے انگلستان کے قومی شاعر بن گئے اور انہوں نے ڈرامہ نویس کی حیثیت سے بھی شہرت کے آسمان کو چھو لیا۔ "جولیس سیزر" (Julius Caesar) ان کا لکھا ہوا ایک مشہور ڈراما ہے۔ اس ڈرامے میں جولیس سیزر (Julius Caesar) کے نام سے ایک اہم کردار ہے جسے روم کے ایک فوجی جنرل کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے۔ اس ڈرامے میں کیسیس (Cassius)، مارک انتونی (Mark Antony) اور بروٹس (Brutus) ثانوی کردار بطور اشراف روم نمودار ہوتے ہیں۔

قصہ کچھ یوں ہے کہ جولیس سیزر (Julius Caesar) جب ایک جنگ میں فتحمندی کے ساتھ اپنے ملک روم واپس لوٹتا ہے تو مذکورہ اشراف روم یعنی کیسیس (Cassius)، انتونی (Mark Antony) اور بروٹس کو جولیس کے تئیں یہ اندیشہ لاحق ہو جاتا ہے کہیں وہ یعنی جولیس سیزر (Julius Caesar) اپنی اس فتح کے عوض ملنے والی شہرت و مقبولیت کا غلط استعمال نہ کرے اور روم کا مطلق العنان حاکم بن کر روم میں مساوات اور عدل اجتماعی کو پھلنے پھولنے کا موقع نہ دے۔ اس شہرت و مقبولیت کی وجہ سے سیزر (Julius Caesar) کے رویہ میں بھی واقعتاً تبدیلی رونما ہو جاتی ہے۔ اور اشراف روم علی الخصوص بروٹس اور کیسیس جولیس سیزر (Julius Caesar) کے رویے سے یہ بھانپ جاتے ہیں کہ یہ شخص روم کا مطلق العنان حاکم بننے جا رہا ہے۔ بہر صورت کیسیس اور بروٹس اسی اندیشے کے پیش نظر سیزر (Julius Caesar) کو قتل کرنے کا منصوبہ بناتے ہیں۔ سیزر کے قتل کا منصوبہ بنانے والے دونوں اشراف اس کے گہرے دوست بھی ہوتے ہیں۔ لیکن اسے (سیزر Julius Caesar) کو قتل کرنے کا سبب ان دونوں کے لئے یکساں نہیں تھا۔ جہاں ایک طرف کیسیس ذاتی عناد کی وجہ جولیس کو موت کی گھاٹ اتار دینا چاہتا ہے وہیں بروٹس کو یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ سیزر (Julius Caesar) روم کا بادشاہ بننے جا رہا ہے اور اس کی بادشاہت رومی عوام کے مابین برابری اور مساوات کے خاتمے کا سبب بنے گی۔ اور وہ پورے ملک کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑ لے گی۔

کیسیس، بروٹس اور چند دیگر اشراف اسی میٹنگ ہال میں ہی سیزر کو قتل کرنے کا منصوبہ بناتے ہیں جس میں اس کی شرکت متوقع تھی۔ چنانچہ سیزر (Julius Caesar) اپنی بیوی کے منع کرنے کے باوجود اشراف روم کے ساتھ سینٹ کی میٹنگ میں شامل ہوتا ہے۔ اور موقع پاتے ہی قتل کی سازش رچانے والوں میں سے ایک شخص جولیس سیزر (Julius Caesar) پر خنجر کے ذریعے قاتلانہ حملہ کرتا ہے۔ وہ اس کے وار کو اپنے ہاتھوں سے روکنے کی کوشش کرتا ہے۔ اسی اثناء میں جولیس کا قریبی دوست بروٹس بھی جولیس سیزر پر قاتلانہ وار کرتا ہے۔ چنانچہ بروٹس، سیزر کا سب سے مخلص دوست اور معتمد خاص تھا۔ جس کی پکی دوستی، خلوص محبت اور فہم و فراست پر سیزر کو صد در صد کا اعتماد تھا۔ لہٰذا جب سیزر نے یہ دیکھا کہ اس کا معتمد خاص اور مخلص دوست بھی اس کے قتل کرنے پر تلا ہوا ہے تو اسے حیرت آمیز صدمہ ہوتا ہے۔ وہ بروٹس سے مخاطب ہو کر بے ساختہ کہتا ہے "Oh Brutus you too" یعنی بروٹس، تم بھی میرے قاتلوں میں شامل ہو؟ اور پھر سیزر اپنے آپ سے مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ جب بروٹس جیسا مخلص ترین دوست بھی تیری مخالفت میں تیرا دشمن جاں ہو جائے تو اے سیزر! یقیناً تجھے اپنے کرتوت کی وجہ سے ہی یہ دن دیکھنے کو مل رہا ہے۔ لہٰذا ایسے بروٹس جیسا بے لوث دوست مارے اسے مرجانا ہی بہتر ہے۔

اس ڈرامے کی کہانی کا اطلاق اگر ہم موجودہ عالمی حالات پر کریں اور جولیس سیزر کے کردار کی روشنی میں ڈونلڈ ٹرمپ کی عجیب و غریب شخصیت کو دیکھیں تو یہی نتیجہ سامنے آجائے گا کہ ٹرمپ نہ صرف امریکہ بلکہ پوری دنیا کو اپنی تاناشاہی اور من مانی کے آگے سرتسلیم خم دیکھنا چاہتا ہے۔ لیکن دشمن تو دشمن اس کے اپنے خاص الخاص اور سیاسی دوست بھی اس کی حماقتوں کے سبب آج اس کے حریف نظر آ رہے ہیں۔ بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت بنانے کے متعلق ٹرمپ کا جو حالیہ بیان سامنے آ گیا نیز جس کے ردعمل میں جو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس منعقد ہوا۔ وہ ہو بہو شکسپیر کے ڈرامے "جولیس سیزر" (Julius Caesar) کے اس منظر کی عکاسی کر رہا ہے جس میں "سیزر" (Julius Caesar) تن تنہا دکھائی دے رہا تھا کیونکہ اس کے قریب ترین اور مخلص ترین دوست بھی اس کی مخالفت پر اتر آئے تھے۔ یوں ہی اس وقت ڈونلڈ ٹرمپ بھی پوری دنیا میں تن تنہا اور الگ تھلگ لگ رہا ہے۔ جن ممالک کی دوستی کا دم بھرتا تھا انہوں نے بھی اسے جنرل اسمبلی میں رسوائی کے ہاتھوں مار ڈالا۔ یورپی یونین کے بیشتر ممالک، سلامتی کونسل کے مستقل ارکان یعنی روس، چین، برطانیہ اور فرانس کے علاوہ عرب لیگ کے قریب قریب بھی ممالک نے ٹرمپ مخالف قرارداد کی تائید میں ووٹ دیا۔ گویا مشرق و مغرب ٹرمپ کی مخالفت پر اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں متفق نظر آیا۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ تمام عرب ممالک بشمول مصر کی موجودہ امریکہ نواز حکومت اس قرارداد کو کامیاب بنانے میں پیش پیش نظر آئے۔ ایسے میں اگر ٹرمپ کے کاسہ سر میں جولیس سیزر (Julius Caesar) کی طرح دیکھنے والی آنکھ اور اس کے باطن میں ضمیر نام کی کوئی چیز ہوتی نیز دوسری جانب بروٹس (Brutus) جیسا کوئی مخلص دوست بھی ہوتا تو ڈونلڈ ٹرمپ بھی ضرور وہی کہتا جو مرتے وقت جولیس سیزر (Julius Caesar) نے کہا تھا۔ کہ اے میرے فلاں جگری دوست تو بھی اور میری مخالفت میں! لیکن یہاں تو معاملہ بالکل برعکس ہے مسٹر ٹرمپ کو اپنی غلط پالیسی کا اعتراف تو دور کی بات احساس تک نہیں ہے۔ اس نے پوری دنیا کی رائے کو غلط قرار دے کر اپنی ہی رائے کو اقوام عالم پر تھوپنے کی جی توڑ کوشش کی۔ اور اس سلسلے میں عالمی سیاست کے ضابطہ اخلاق کو بالائے طاق رکھ کر اپنے نہایت ہی کارگر ہتھکنڈے کو استعمال کیا جس کا استعمال امریکہ وقتاً فوقتاً کرتا آیا ہے۔ اور وہ ہے معاشی امداد روکنے کا ہتھکنڈہ۔ امریکہ کے خود غرض حلیف ممالک "بروٹس" کی خلوص نیت کہاں سے لائیں اور ٹرمپ کو بھی کیسے "جولیس سیزر" جیسی اخلاقی جرات نصیب ہو کہ وہ پوری دنیا کے ساتھ ساتھ اپنے قریبی دوستوں کو اپنی مخالفت میں دیکھ اپنے ہی گریباں میں جھانکے اور اپنے رویہ کا ہی جائزہ لے کر اپنی غلطی کا اعتراف کرے۔

دراصل جب سے مسٹر ٹرمپ راہوار اقتدار پر سوار ہوئے۔ اس نے گویا ہوش و حواس ہی کھو دیے۔ وہ اس رہوار اقتدار پر بے اختیار بیٹھے ہیں۔ اس کو کہاں جانا ہے نہیں معلوم۔ اس کو کیا کہنا ہے نہیں پتہ۔ کیا فیصلہ لینا ہے اس کی بلا جانے۔ وہ اپنے منہ سے غیر منطقی بات کے سوا کچھ اگلتا ہی نہیں۔ اور جو بھی اہم قدم اس نے اٹھایا وہ ناانصافی پر مبنی تھا۔ اس کا ہر انوکھا فیصلہ انصاف کش ثابت ہوا۔ پوری عالمی برادری اس کی عجیب و غریب حرکتوں سے نالاں ہے۔ بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت قرار دینے کے بیان کا ردعمل جس انداز سے سامنے آیا ہے۔ اس نے یہ ثابت کر دیا کہ مسٹر ٹرمپ نے نہ صرف اندرون امریکہ اپنی تاناشاہی کا سکہ جمانا چاہتا ہے بلکہ پوری دنیا کو اپنی من مانی کے کوڑے سے ہانکنا چاہتا ہے۔ اگر صدر امریکہ کو جمہوری نظام اور عالمی برادری کے مشترک اور متفق فیصلوں کا پاس و لحاظ ہوتا تو وہ کسی فلمی ویلن کی طرح ان ممالک کا راشن پانی بند کرنے کی دھمکی نہ دیتا جنہوں نے اس کے حالیہ اعلان کے خلاف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ووٹ دیا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ایک سو اٹھائیس ممالک نے امریکی صدر کے اعلامیہ کو سختی سے مسترد کر دیا۔ صرف نو رکن ممالک نے ٹرمپ کے حق اپنے رائے ظاہر کی جن میں اسرائیل اور امریکہ بھی شامل ہیں۔ یعنی پوری عالمی برادری میں سے محض سات ممالک نے ٹرمپ کی اس حماقت کو تسلیم کیا۔ پینتیس ممالک نے اس اجلاس میں شمولیت نہیں کی۔ ہو نہ ہو ان ٹرمپ کے حامی ان سات ممالک اور اجلاس میں شامل نہ ہونے والے پینتیس ممالک پر امریکہ کی دھمکی، دھونس اور دباؤ کا اثر رہا ہو۔ اس کے باوجود امریکہ نے تمام تر عالمی سیاست کے ضابطہ اخلاق کو بالائے طاق رکھ کر اسرائیل نوازی کی انتہا کر دی۔

بہر کیف ٹرمپ انتظامیہ اور اسرائیل کی تمام تر کوششیں اس حوالے سے کارگر ثابت نہ ہو سکیں۔ اس لحاظ سے اس قرارداد کو غیر معمولی حیثیت حاصل ہو گی۔ کیونکہ امریکہ نے اجلاس سے قبل ہی اپنی انتظامی مشینری کو فعال کر دیا تھا کہ وہ اس اجلاس کو روکنے کے لئے اپنے تمام تر ہتھکنڈے بروئے کار لائے۔ اقوام متحدہ میں امریکہ کی جانب سے نمائندگی کرنے والے مندوب نکی ہیلی نے اپنے تاناشاہ ٹرمپ کے فرمان کے عین مطابق جنرل اسمبلی کے بیشتر ارکان کو دھمکی آمیز خطوط بھیجے۔ کہ اس قرارداد کی حمایت نہ کریں۔ لیکن تمام تر دھمکیوں کے باوجود بیشتر ارکان جنرل اسمبلی نے اس قرارداد کو بھاری اکثریت سے پاس کیا۔

یقیناً اقوام عالم کا امریکہ کے خلاف یک زبان ہو کر کسی مسئلے پر رائے ظاہر کرنا بذات خود ایک بڑا اور تاریخ ساز قدم ہے۔ حالانکہ بعض تجزیہ کار اس قرارداد کے مثبت نتائج کے حوالے سے کافی ناامید ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کو ان قراردادوں سے کوئی فرق نہیں پڑنے والا۔ کیونکہ انہوں نے ان قراردادوں کو کبھی بھی خاطر میں ہی نہیں لایا ہے۔ جو اب تک اقوام متحدہ میں اسرائیل کے خلاف پیش ہوتی آئی ہیں۔ گزشتہ سال اسی دسمبر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں قرارداد نمبر ۲۳۳۴ اسرائیل کے خلاف پاس ہوئی جس کے مطابق میں اسرائیل نے ۱۹۶۷ء کے بعد فلسطین کی سرزمین بشمول مشرقی یروشلم میں جتنی بھی یہودی بستیاں بسائی ہیں وہ سب غیر آئینی ہیں۔ مگر اسرائیل ان قراردادوں کی دھجیاں بکھیرتا آیا ہے۔ اور اقوام متحدہ اس کے خلاف کوئی قدم اٹھانے سے قاصر ہے یہی سبب ہے اسرائیل نے اس مرتبہ بھی اقوام متحدہ کے متعلق کافی سخت و سست الفاظ استعمال کر کے کہا کہ یہ جھوٹ کا گڑھ ہے۔ اسرائیلی سفیر ڈینی ڈینن نے "اقوام متحدہ کے رکن ممالک کو کٹھ پتلیوں سے تعبیر کیا کہ جن کی باگ ڈور فلسطینی کے حامی ممالک کے ہاتھوں میں ہے۔" اس نے مزید کہا کہ "یہ ممالک کور چشم ہیں جو صداقت کو درک کرنے اور حقائق کو دیکھنے کے لئے بصارت و بصیرت سے عاری ہیں۔" ان حقائق کو مدنظر رکھ کر یہ سوال یقیناً جواب طلب ہے کہ جب عملی اختیار سے مذکورہ قرارداد کا کوئی اثر مخالف فریق پر نہیں پڑنے والا ہے تو ایسے میں اس کی اعتباریت اور ساکھ کیونکر برقرار رہ سکتی ہے؟ دراصل موجودہ دنیا میں ہر شخص ہر عمل کے نتیجہ خیز (result oriented) ہونے پر زور دیتا ہے اور نتیجہ بھی ٹھوس اور ثابت (solid and concrete) ہو۔ لیکن کچھ نتائج نہایت ہی لطیف اور باریک ہوتے ہیں کہ جنہیں درک کرنے کے لئے ذرا دقت نظری سے کام لینا پڑتا ہے۔ ٹرمپ کے فیصلے کے خلاف اقوام متحدہ کی منظور کردہ قرارداد کا معاملہ بھی اسے کچھ مختلف نہیں ہے۔ بظاہر اگر ٹھوس نتائج اس قرارداد سے برآمد بھی نہ ہوں اس کے باوجود یہ قرارداد تاریخ رقم کر چکی ہے۔ اس قرارداد نے جمہوری لباس میں ملبوس ایک عالمی تاناشاہ کو عریاں کر کے رکھ دیا۔ اور تو اور عالمی برادری کے اس فیصلے کو دیکھ کر ٹرمپ انتظامیہ یقیناً بوکھلاہٹ کی شکار ہوئی۔ تبھی تو مسٹر ٹرمپ تمام تر سفارتی قاعدے اور اصول بالائے طاق رکھ کر اقوام عالم سے تحکمانہ لہجے میں مخاطب ہوا۔ مثال کے طور پر اس نے اپنے ٹویٹ میں یہاں تک کہہ دیا کہ "ہم ہمارے خلاف ووٹ دینے والے ممالک کو اچھی طرح دیکھیں گے" "انہیں ووٹ دینے دو۔ اس میں فائدہ ہمارا ہی ہوگا۔ ہمارے اربوں ڈالر بچیں گے" اس شاہی فرمان کے پیش نظر امریکی راج پاٹ کے کارندے بھی شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار دکھائی دے رہے ہیں۔ چنانچہ اقوام متحدہ میں امریکی مندوب نکی ہیلی نے ٹرمپ کی ٹویٹ کے فوراً بعد کہا "میں نے ٹرمپ انتظامیہ کے لیے ووٹ دینے والے ممالک کی فہرست تیار کر لی ہے"۔ امریکا کی تمام دھمکیوں کے باوجود چند ایک ممالک نے امریکی امداد بند ہونے کا خطرہ مول لے ووٹ دیا۔ جو ایک قابل ستائش امر ہے۔ کیونکہ فی الوقت بعض غریب ممالک کی ملکی معیشت کے لئے امریکی امداد نہایت ہی اہم ہے۔

اختتامیہ پر ایک بار پھر ڈونلڈ ٹرمپ کو شکسپیر کے روبرو کیا جائے تو کہا جائے گا۔ شکسپیر جیسے یورپی مفکر نے مثالی حاکم کے متعلق جو تصور سولہویں صدی میں پیش کیا تھا۔ اکیسویں صدی میں بھی یورپ علی الخصوص امریکا اس تصور کی عملی تصویر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ اور ڈونلڈ ٹرمپ کی صورت میں جو حاکم امریکا کو نصیب ہوا ہے وہ شکسپیر کے تصور حاکمیت کے بالکل برعکس ہے۔ ایسی صورت میں جہاں بانی کے اعتبار سے امریکا ترقی کی طرف گامزن ہے یا تنزلی و ابتری کا شکار ہے؟ یہ سوال قارئین کرام پر چھوڑ دیتے ہیں۔

email: fidahussain007@gmail.com

کٹھوعہ میں کمسن بچی کی عصمت ریزی اور قتل

کیا معصوم 8سالہ آصفہ کے اصل مجرم کو بچایا جارہا ہے؟

جموں/ولایت ٹائمز ڈیسک

/جموں کشمیر کے ضلع کٹھوعہ میں ایک کمسن لڑکی کو اغوا کرنے کے بعد عصمت دری کا شکار بنا کر قتل کر دیا گیا ہے اور اس پھول سی بچی کی تار تار لاش کو ایک نزدیکی جنگل میں پھینک دیا گیا ہے۔ اس واقعہ کے خلاف اسمبلی میں زبردست ہنگامہ ہونے کے بعد سرکار نے ''تحقیقات'' کیلئے اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم (ایس آئی ٹی) کی تشکیل کا اعلان کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آصفہ نامی 8 سالہ بچی کو ایک ہفتہ قبل اغوا کیا گیا تھا اور آخر اسکی لاش ہیرانگر کے رسانہ گاؤں کے جنگل میں جھاڑیوں سے برآمد کی گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ بچی کی لاش پر کئی زخم پائے گئے ہیں اور ابتدائی طور اسکے ساتھ وحشیانہ حد تک بدتمیزی کئے جانے کے نشان پائے گئے ہیں۔ مقتول کے لواحقین اور رشتہ داروں نے احتجاجی مظاہرے کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی آزادانہ تحقیقات اور قصورواروں کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ معصوم مقتول بچی کے لواحقین اور رشتہ داروں نے احتجاجی مظاہرے کئے۔ انہوں نے سرِ راہ مقتول کی نعش رکھ کر صدائے احتجاج بلند کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے کی آزادانہ تحقیقات و قصورواروں کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ ادھر کٹھوعہ میں معصوم بچی کو اغوا کرکے بہیمانہ قتل کرنے کے واقعے پر زبردست غم و غصہ پایا جارہا ہے۔ سرکار کی جانب سے پارلیمانی امور کے وزیر عبدالرحمن ویری نے ممبران کو مطمئن کرنے کی کوشش کی تھی مگر وہ واک آوٹ کر گئے تاہم سرکار نے واقعہ کی تحقیقات کرائے جانے کی یقین دہانی کرائی۔ اس واقعہ کو لیکر آج ایوان اسمبلی میں زبردست احتجاج ہوا اور اپوزیشن ممبران نے زبردست نعرہ بازی کے بعد واک آوٹ کیا۔ ان ممبران کا الزام تھا کہ سرکار اس حد تک غافل ہو چکی ہے کہ معصوم بچیوں کی عزت اور جان محفوظ نہیں ہے۔ احتجاجی ممبران اسمبلی نے ایک سرکاری اسکیم کا مذاق اڑاتے ہوئے ''بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ'' کے نعرے لگائے اور سوال کیا کہ کیا سرکار بیٹیوں کو یہی تحفظ دے رہی ہے کہ انہیں اغوا اور پھر قتل کرکے سرِ راہ پھینک دیا جائے۔ سرکار کی جانب سے پارلیمانی امور کے وزیر عبدالرحمن ویری نے ممبران کو مطمئن کرنے کی کوشش کی تھی مگر وہ واک آوٹ کر گئے تاہم سرکار نے واقعہ کی تحقیقات کرائے جانے کی یقین دہانی کرائی۔ اغوا اور مبینہ عصمت دری کے بعد قتل کی اس دل دہلانے والی واردات کے سلسلے میں ریاستی پولیس کا کہنا ہے کہ کیس درج کرکے تحقیقات شروع کر دی گئی۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس جموں زون ایس ڈی جموال نے کہا ہے کہ واقعہ کی نسبت کیس درج کرکے تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچی کا ضلع اسپتال کٹھوعہ میں پوسٹ مارٹم کرایا گیا تاکہ حقائق کا پتہ لگایا جاسکے۔ معلوم ہوا ہے کہ معصوم مقتولہ کے چہرے پر سنگین زخموں کے واضح نشان ہے۔ صوبائی پولیس سربراہ جموں کا کہنا ہے کہ اس ضمن میں ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔

کٹھوعہ ضلع میں ایک معصوم بچی کے اغوا، عصمت ریزی اور قتل کے دل دہلا دینے والے واقعہ کو لیکر مسلسل تیسرے دن بھی اسمبلی میں ہنگامہ ہوا اور اپوزیشن نے پولیس پر ''اصل مجرموں'' کو بچانے کیلئے ایک نابالغ لڑکے کی آڑ لیکر معاملے کو دبانے کی کوشش کا الزام لگایا۔ اپوزیشن کے زبردست ہنگامہ کے بعد سرکار نے متعلقہ ایس ایچ او کو معطل کرکے اس معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے جانے کی یقین دہانی دہرائی ہے۔ ایوان کی کارروائی شروع ہوتے ہی مختلف اپوزیشن ممبروں نے اپنی نشستوں سے اٹھ کر کٹھوعہ میں پیش آمدہ واقعہ پر احتجاج کرنا شروع کیا اور الزام لگایا کہ پولیس ''اصل مجرموں'' کو بچانے کے فراق میں ہے۔ کانگریس کے عثمان مجید نے کہا ''اسے (کمسن آصفہ) کو ایک گاؤ خانے میں بند رکھا گیا تھا جہاں اس کی عصمت ریزی کی گئی''۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کا کہنا ہے کہ اس نے قتل اور عصمت ریزی کے اس افسوسناک واقعہ میں ایک 15 سالہ لڑکے کو گرفتار کیا ہے لیکن ایک کم عمر لڑکا یہ جرم اکیلے انجام نہیں دے سکتا ہے۔ انہوں نے سوال کرتے ہوئے کہا ''وہ لڑکی کو کیسے سات دنوں تک غیر قانونی تحویل میں رکھ سکتا تھا؟''۔ عثمان مجید کا کہنا تھا ''پولیس اصل مجرموں کو بچانے کی کوششیں کر رہی ہے، وہ معاملے کو دفن کرنا چاہتی ہے''۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس نے قتل اور عصمت ریزی کے اس افسوسناک واقعہ میں ایک 15 سالہ لڑکے کو گرفتار کیا ہے لیکن ایک کم عمر لڑکا یہ جرم اکیلے انجام نہیں دے سکتا ہے۔ ضلع کٹھوعہ کے تحصیل ہیرانگر میں گذشتہ ہفتے ایک آٹھ سالہ کمسن بچی کو اغوا کیا گیا اور اس کی لاش بدھ کے روز ہیرانگر میں جھاڑیوں سے برآمد کی گئی۔ آصفہ نامی اس لڑکی کی لاش کی انتہائی بری حالت تھی اور قتل سے قبل اسکے ساتھ دست درازی کیا جانا ثابت ہو چکا ہے۔ اس واقعہ کے خلاف جہاں مذکورہ کے لواحقین نے احتجاج کیا ہے وہیں ریاستی اسمبلی کے جاری بجٹ اجلاس میں لگاتار تین دنوں سے اس پر ہنگامہ آرائی جاری ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ پولیس نے مجرم کو دبوچ لیا ہے جنہوں نے اقبال جرم بھی کیا ہے تاہم مجرم کو نابالغ بتایا جارہا ہے۔ عثمان مجید کی حمایت میں کئی ممبران کھڑا ہوئے اور حکومت مخالف نعرے بازی کرنے لگے۔ کٹھوعہ کے ممبر اسمبلی راجیو جسروٹیہ نے تاہم الزام لگایا کہ اس واقعہ کو فرقہ وارانہ رنگ دئے جانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا ''ہم اس واقعہ کی مذمت کرتے ہیں لیکن آپ اس واقعہ کو کیونکر فرقہ وارانہ رنگ دینے کی کوشش کر رہے ہیں''۔ بی جے پی ایم ایل اے کے ان ریمارکس سے اپوزیشن کے بھی اراکین اشتعال میں آگئے اور ''قاتل کو پھانسی دو، ننھی بچی کو انصاف دو، کرمنل سرکار ہائے ہائے'' کے نعرے بلند کرنے لگے۔ زبردست ہنگامہ آرائی کے بیچ قانون و پارلیمانی امور کے وزیر عبدالرحمان ویری نے حکومت کی طرف سے ایوان کو بتایا ''ہم نے پہلے ہی واقعہ کی مجسٹریل انکوائری کے احکامات صادر کئے ہیں۔ یہ ایک انسانی مسئلہ ہے۔ اس پر سیاست نہیں ہونی چاہیے''۔ نیشنل کانفرنس ممبر اسمبلی علی ساگر نے کہا کہ اگر حکومت نے ایس ایچ او کو فوری طور پر معطل کیا ہوتا تو محکمہ (پولیس) کو ایک واضح پیغام جاتا۔ انہوں نے کہا ''ہم کارروائی عمل میں لانے تک ایوان کی کارروائی کو نہیں چلنے دیں گے''۔ اس پر ویری نے کہا کہ ایس ایچ او کو معطل کیا گیا ہے۔ مسٹر ویری نے کہا ''ہم نے معاملے کی انکوائری مکمل ہونے تک ایس ایچ او ہیرانگر کو معطل کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے''۔ (بشکریہ تفصیلات)

اسرائیل اور بھارت کی موجودہ سرگرم دوستی اسلام اور مسلم دشمنی پر استوار: آغا سید حسن

جموں/ اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو کے دورہ بھارت اور حکومت ہند کی طرف سے موصوف کی مثالی مہمان نوازی کے خلاف کشمیر کے ضلع بڈگام میں انجمن شرعی شیعیان کے اہتمام سے نماز جمعہ کے بعد تنظیم کے سربراہ اور سینئر حریت رہنما حجۃ الاسلام والمسلمین آغا سید حسن الموسوی الصفوی کی قیادت میں احتجاجی جلوس برآمد ہوا جس میں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ مظاہرین بھارت اسرائیل دوستی اور اسرائیلی وزیر اعظم نتن یاہو کی بھارت آمد کے خلاف نعرہ بازی کرتے ہوئے مین چوک بڈگام میں جمع ہوئے جہاں اسرائیلی وزیر اعظم کے پتلے اور اسرائیلی پرچم نذر آتش کئے گئے۔ احتجاجی جلوس سے خطاب کرتے ہوئے آغا حسن نے ملت فلسطین پر اسرائیل کے انسانیت سوز مظالم اور دنیائے اسلام کے خلاف صیہونی مملکت کی گھناونی سازشوں کا تذکرہ کرتے ہوئے بھارت اسرائیل رشتوں میں موجودہ گرم جوشی کو افسوسناک قرار دیا۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو کے دورہ بھارت اور بھارت اسرائیل دوستی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا آغا حسن نے کہا کہ بھارت کی کسی بھی غیر BJP سرکار نے صیہونی مملکت کے انسانیت کش جرائم کے پیش نظر اسرائیل کے ساتھ رشتوں کو کوئی اہمیت نہیں دی تاہم جب سے مودی سرکار برسر اقتدار آئی تو اسرائیل کے ساتھ رشتوں میں ایک نئی جہت اور نکھار دیکھنے کو ملا ہے جس کی بنیادی وجہ صیہونی مملکت اور موجودہ برسر اقتدار فرقہ پرست جماعت کے اسلام اور مسلم دشمن عزائم میں یکسانیت کا عنصر ہے۔ آغا حسن نے کہا کہ مظلوم ملت فلسطین کے قاتل، مسلمانوں کے قبلہ اول کے غاصب اور ریاستی دہشتگردی کی بدترین علامت اسرائیلی وزیر اعظم کا عدم تشدد کے پیامبر مہاتما گاندھی کی سرزمین پر غیر معمولی استقبال اور بھارت اسرائیل رشتوں میں موجودہ جہت انسانیت دوستی کے حوالے سے ہندوستان کی قدیم روایات کے سراسر منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت اسرائیل کے ساتھ رشتوں کو ایک نئی جہت دیکر ملت اسلامیہ کے جذبات کو بری طرح ٹھیس پہنچا رہی ہے۔

ہند اسرائیل تعلقات اسلام اور مسلمان دشمنی کا نتیجہ۔ پیروان ولایت

جموں/ پی وی ولایت جموں و کشمیر نے اسرائیلی وزیر اعظم نتن یاہو کو ہندوستان میں پھر پر استقبال کئے جانے پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ پی وی کے سرپرست اعلی مولانا سید محمد شبیر قمی نے کہا کہ اسرائیلی وزیر اعظم کو ہندوستان بلانا دونوں ممالک کے اسلام اور مسلمان دشمنی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نتن یاہو روئے زمین پر سب سے بڑے دہشتگرد ہیں جس کے ہاتھ معصوم فلسطینی بچوں اور دیگر بیسیوں ہزار بے گناہ فلسطینی عوام کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ مولانا قمی نے اس بات پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی حکمران مسلمانوں کے دشمن کی تنگ پاشی کے لئے اسرائیلی وزیر اعظم کو بھارت بلا کراتے بھرپور انداز سے استقبال کررہے ہیں۔ اسرائیل ایک غاصب صیہونی ریاست ہے اور عالم اسلام کسی بھی صورت میں اسے ملک تسلیم نہیں کریں گے۔ اسرائیل اور ہندوستان کے مابین بہتر تعلقات اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ہندوستان مسلمانوں مخالف ممالک اور عناصر کی پشت پناہی کررہا ہے اور اسرائیلی منصوبوں کو کشمیر میں عملا کر کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔

ہندوستان میں نیتن یاہو کے دورے کے خلاف عوامی مظاہرے

نئی دہلی/ ہندوستان کے دارالحکومت دہلی سمیت کئی شہروں میں اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو کے دورے کے خلاف عوامی مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم کے دورہ ہندوستان کے خلاف ہندوستان بھر میں عوامی مظاہرے منعقد ہوئے۔ مولانا جمال احمد صدیقی کا کہنا ہے کہ ہندوستانی وزیر اعظم نریندر مودی نے اقوام متحدہ میں فلسطینیوں کی حمایت میں ووٹ دیا اور اب اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کو دعوت دیکر ہندوستانی عوام خصوصا مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان ایک سیکولر اور امن پسند ملک ہے جبکہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو ظالم، جابر، غاصب اور دہشت گرد انسان ہے اور ایسے انسان کو ہمارے ملک کے عوام پسند نہیں کرتے ہیں۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی سے مطالبہ کیا کہ وہ ہندوستانی عوام کے احساسات اور جذبات کا احترام کرتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم کے دورہ ہند منسوخ کردیں ادھر مولانا کلب جواد نے بھی ہندوستانی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اسرائیلی وزیر اعظم کا دورہ ہند رد کرے۔

اسرائیل نام کے کسی ملک کو نہیں مانتے / خطے کے حوادث سے امریکی اہداف کی حقیقت نمایاں ہوجاتی ہے :حزب اللہ لبنان کے سربراہ سید حسن نصر اللہ

بیروت/ حزب اللہ لبنان کے سربراہ سید حسن نصر اللہ نے مرحوم حاج فائز محمود مغنیہ کے چہلم اور شہدائے قنیطرہ کی برسی کے موقع پر عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں جاری حوادث سے امریکی اہداف کی حقیقت اور ماہیت کا بخوبی پتہ چلتا ہے۔ حزب اللہ لبنان کے سربراہ سید حسن نصر اللہ نے مرحوم حاج فائز محمود مغنیہ کے چہلم اور شہدائے قنیطرہ کی برسی کے موقع پر عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ علاقہ میں جاری حوادث سے امریکی اہداف کی حقیقت اور ماہیت کا بخوبی پتہ چلتا ہے۔ حزب اللہ لبنان کے سربراہ نے اسلامی مزاحمت کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم خطے میں امریکی منصوبوں کی ناکامی، علاقائی اقوام اور حکومتوں کی کامیابی کی جب بات کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے اس کامیابی میں سب سے پہلے اللہ تعالی کی مدد اور نصرت شامل ہے اور اس کے بعد اسلامی مزاحمت کے شہداء، جانبازوں اور اہلکاروں کی فداکاری، جاں نثاری اور قربانیاں شامل ہیں۔ انھوں نے کہا مرحوم حاج فائز مغنیہ کا پورا خاندان شہید پرور ہے اور شہداء کی بدولت آج خطے میں اسلامی مزاحمت کا سر بلند اور امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے منصوبے ناکام ہوگئے ہیں۔ سید حسن نصر اللہ نے امریکہ کی طرف سے حزب اللہ کے خلاف بے بنیاد گھٹیا اور جھوٹے الزامات کو رد کرتے ہوئے کہا کہ حزب اللہ کے منصوبوں میں منشیات کا کاروبار شامل نہیں ہے حزب اللہ ایک پاک و پاکیزہ اور مذہبی تنظیم ہے جس کے ایجنڈے میں ایسے منصوبے شامل نہیں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ منشیات میں امریکہ، اس کے اتحادی اور ان کے زیر نظر دہشت گرد گروہ ملوث ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تجارت ایک مباح چیز ہے لیکن حزب اللہ اس مباح اور جائز امر میں بھی شریک نہیں ہے۔ امریکہ کا ہدف صرف حزب اللہ کو بدنام کرنا ہے۔ حزب اللہ لبنان کے سربراہ نے کہا کہ مقبوضہ فلسطین کی سرحد پر 13 جگہوں پر تنازعہ جاری ہے اسرائیل لبنان کی سرحد پر دیوار تعمیر کرنا چاہتا ہے جبکہ لبنانی حکومت اور فوج نے اسرائیل کے اس اقدام کو اشتعال انگیز قرار دیا ہے اور اسرائیل کے ہر اقدام کا بھرپور جواب دینے کا اعلان کیا ہے لبنانی حکومت نے اپنے اعتراض کو یونیفل کو منتقل کیا ہے جبکہ یونیفل نے لبنان کے اعتراض کو اسرائیلی حکام تک پہنچا دیا ہے۔

سعودی عرب نے بڑی بے رحمی اور بے دردی کے ساتھ یمن میں انسانی، اسلامی اور اخلاقی قوانین کا سر قلم کردیا ہے

